21586 ـ اگر ایك سے زیادہ جنازوں پر نماز جنازہ ادا کیا جائے تو اجر کس طرح ہو گا

سوال

ایك شخص نے ایك ہی نماز جنازہ میں پانچ میتوں پر نماز جنازہ ادا کی تو کیا اسے ہر جنازے کے بدلے ایك قیرط ملےگا، یا کہ قیراط نماز جنازہ کی تعداد کے مطابق ہوتا ہے، اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہمیں امید ہے کہ اسے جنازوں کی تعداد جتنے ہی قیراط حاصل ہونگے، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جس نے نماز جنازہ ادا کی اسے ایك قیراط اور جو دفن کرنے تك جنازہ کے ساتھ رہا اسے دو قیراط ملیں گے"

رواہ مسلم.

اور اس کے علاوہ جتنی بھی احادیث اس معنی میں آئی ہیں وہ بھی اسی پر دلالت کرتی ہیں کہ اسے جنازوں کی تعداد کے مطابق ہی قیراط حاصل ہونگے.

لھذا جس نے ایك میت پر نماز جنازہ ادا کی اسے ایك قیراط اجر حاصل ہوگا، اور جو اس کے دفن تك جنازہ کے ساتھ رہا اسے ایك قیراط حاصل ہوگا، اور جس نے اس کی نماز جنازہ ادا کی اور دفن تك اس کے ساتھ رہا اسے دو قیراط حاصل ہونگے.

اور یہ اللہ سبحانہ وتعالی کا اپنے بندوں پر فضل و کرم اور اس کی جود و سخا، اس کی تعریف و شکر ہے، اس کے علاوہ کوئی اور الہ اور معبود نہیں، اور نہ ہی اس کے علاوہ کوئی اور رب ہے، اور اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے.

واللہ اعلم .